**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور**

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے بارانی علاقوں میں گندم کی منظور شدہ اقسام بارے سفارشات جاری کر دیں

**لاہور: 08 اکتوبر2024:** ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کا وقت 15 اکتوبر تا15 نومبر ہے۔بارانی علاقوں کے کاشتکار بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کیلئے گہرا ہل چلائیں تاکہ بوقتِ کاشت وتر مہیا ہو سکے۔بارانی علاقوں میں کم بارش والے علاقہ جات میں راجن پور، لیہ، ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ، میانوالی، بھکر، خوشاب، جنڈ اور پنڈی گھیپ شامل ہیں۔بارانی درمیانی بارش والے علاقوں میں چکوال، تلہ گنگ اور پنڈ دادن خان جبکہ بارانی زیادہ بارش والے علاقوں میں راولپنڈی، اٹک، جہلم، سوہاوہ، نارووال، گجرات، کھاریاں اور شکر گڑھ کے علاقہ جات شامل ہیں۔بارانی علاقوں کے کاشتکار زمین کی تیاری شروع کریں۔اگر گلی سڑی کھاد ابھی تک نہ ڈالی ہو تو فوراً ڈال لیں اور زمین میں اچھی طرح ملا دیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ **بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کیلئے محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام پاکستان2013، فتح جنگ2016، بارانی 2017، مرکز19، ایم اے21، نشان 21 اور عروج22** ہیں۔بارانی علاقوں کے کاشتکار گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کیلئے صرف محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔گندم کی کاشت سے قبل بیج کو محکمہ زراعت توسیع کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے زہر آلود کر لیں تاکہ گندم کی فصل کیڑوں سے محفوظ رہے۔گندم کی بوائی کیلئے بیج کو صاف کر کے استعمال کریں۔

☆☆☆☆